© rasailojaraid.com

## وفیات

### شیخ الحدیث حافظ محمد امین محمدی گوجرانوالہ کو صدمہ

23 رمضان المبارک بروز جمعہ شیخ الحدیث حافظ محمد امین محمدی رئیس جامعہ اسلامیہ سلفیہ نصر العلوم عالم چوک گوجرانوالہ کی اہلیہ محترمہ روڈ ایکسیڈنٹ سے وفات پا گئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون۔مرحومہ صوم وصلوٰۃ و تلاوت قرآن کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ حافظ محمد امین محمدی نے خود پڑھائی۔

### شیخ محمد امجد کو صدمہ

مورخہ 16 اپریل بروز منگل شیخ محمد ارشد مرحوم اور شیخ محمد امجد کے بہنوئی اسد اللہ وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور انتہائی نیک انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

### عامر سلیم علوی کو صدمہ

مورخہ 16 اپریل بروز منگل عامر سلیم علوی کی ممانی محترمہ وفات پا گئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

### حاجی عبد الرزاق (بلال ٹاؤن) کو صدمہ

مورخہ 8 مئی بروز منگل حاجی عبد الرزاق کی اہلیہ محترمہ وفات پا گئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا سیف اللہ نے پڑھائی۔

### چوہدری تحمید (سوہاوہ) کو صدمہ

مورخہ 9 مئی بروز بدھ چوہدری تحمید کی زوجہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پا گئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا محمد اصغر نے سوہاوہ میں پڑھائی۔

### سیٹھی محمد ارشد اور حمزہ سیٹھی کو صدمہ

مورخہ 9 مئی بروز بدھ سیٹھی محمد ارشد کی پوتی اور حمزہ سیٹھی کی بیٹی وفات پا گئی۔انا للہ و انا الیہ راجعون. نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا سیف اللہ نے پڑھائی جس میں جماعتی احباب نے کافی تعداد میں شرکت کی۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## حافظ خرم شہزاد، محمد اسد اور محمد انور کو صدمہ

مورخہ 19 مئی بروز ہفتہ حافظ خرم شہزاد، محمد اسد اور محمد انور کے والد سید رسول (اسد پی سی او والے) وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم نیک اور با اخلاق انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## ریحان گل، کرنل عمران گل اور طاہر ارشاد کو صدمہ

مورخہ 21 مئی بروز سوموار ریحان گل، کرنل عمران گل کے والد محترم اور طاہر ارشاد کے سسر محترم دلدار تسنیم رانا وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور نیک انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## مولانا اکرام الحق، احسان الحق اور احتشام الحق کو صدمہ

مورخہ 19 جون بروز منگل مولانا اکرام الحق (فاضل مدینہ یونیورسٹی)، احسان الحق اور احتشام الحق کے والد محترم محمد حنیف طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ وتلاوت قرآن کے پابند اور نیک انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

## ذیشان طاہر و عمران طاہر کو صدمہ

مورخہ 26 جون بروز منگل بشیر احمد لون مرحوم کی بہو اور ذیشان طاہر و عمران طاہر کی تائی محترمہ مشین محلّہ نمبر 3 میں وفات پا گئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## عامر شفاعت، ظفر شفاعت، آصف شفاعت اور عاصم شفاعت کو صدمہ

مورخہ 30 جون بروز ہفتہ عامر شفاعت (عامر فرنیچر ہاؤس) کا چھوٹا بیٹا اور ظفر شفاعت، آصف شفاعت اور عاصم شفاعت کا بھتیجا وفات پا گیا۔انا للہ و انا الیہ راجعون. نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اُثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)



© rasailojaraid.com